## سوال

(77) نماز میں ہاتھ کہاں تک اٹھائے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دوران نماز رفع الیدین کرتے وقت ہاتھوں کو کندھوں کے برابر تک لے جانا چاہیے یا کانوں کے برابر تک ؟ اور کیا رفع الیدین ساری نماز میں کرنا چاہیے یا صرف پہلی رکعت (یعنی تکبیر اولیٰ) میں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تکبیر اولیٰ کے وقت، رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت کندھوں یا کانوں کے برابر تک رفع الیدین کرنا مستحب ہے۔ اسی طرح ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نمازوں میں پہلے تشہد سے تیسری رکعت کے لیے (کھڑے ہوتے وقت) رفع الیدین کرنا بھی مستحب ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و عمل سے یہ بات ثابت ہے۔ واللہ ولی التوفیق ۔۔۔ شیخ ابن باز ۔۔۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ برائے خواتین

## نماز، صفحہ: 107

## محدث فتویٰ